Total No. of Printed Pages—10

**X/13/Ur**

**2 0 1 3**

**URDU**

( INDIAN LANGUAGE )

*Full Marks* : 100

*Time* : 3 hours

*The figures in the margin indicate full marks for the questions*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable*

ہدایات :

(*i*) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(*ii*) ہر سوال کو غور سے پڑھ کر سمجھئے اور حتی المقدور اپنے الفاظ میں جواب لکھنے کی کوشش کیجئے۔

(*iii*) سوالات کے لئے مارکس بائیں حاشئے پر درج ہیں۔

(*iv*) تحریر کی صفائی کا خاص خیال رکھئے۔

(*v*) بے محل اور غیر موزوں جواب ہرگز نہ دیجئے۔

## SECTION—I

-1 مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی تین کے جواب دیجئے : 3×3=9

(a) 'صنعتی انقلاب' سے ہمارے قدرتی وسائل کس طرح متاثر ہوئے ہیں ؟ مختصراً لکھئے۔

(b) مضمون 'مخلوط زبان' میں مولوی عبدالحق نے اردو زبان کی کن کن خصوصیات پر روشنی ڈالی ہے ؟ وضاحت کیجئے۔

(c) " ہم انہیں تکلیف دینا نہیں چاہتے تھے۔ ان کے دل کی آرزو پوری کرنا چاہتے تھے"۔

(i) اس جملے کو کس نے کس سے کہا تھا ؟

(ii) اس جملے میں 'انہیں' سے کون کون اشخاص مراد ہیں ؟

(iii) ان اشخاص کے دلوں کی آرزو کیا تھی ؟

(d) موتی نگر کی وادی میں داخل ہوتے ہی مسافروں کا مزاج کیوں بدل گیا ؟

(e) چکبست لکھنوی اپنے قوم کی لڑکیوں اور عورتوں کو کیا نصیحت کرتے ہیں ؟

-2 مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے : 5

(a) آپ بیتی 'چوری اور اس کا کفارہ' میں نوجوان گاندھی کی زندگی میں رونما ہونے والے واقعات و حالات کے پس منظر میں جو تجربات ہوئے ، اسے اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(b) سوانح ' سرسید کا بچپن ' میں الطاف حسین حالی نے سرسید کے بچپن اور اس وقت کے ماحول کا جو اخلاقی و اصلاحی پہلو پیش کیا ہے ، اسے اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(c) سعادت حسن منٹو کی تحریر شدہ افسانہ ' نیا قانون ' کی کہانی کا خلاصہ اپنی سلیس زبان میں لکھئے۔

3. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی دو کی مع حوالہ وضاحت کیجئے : 3×2=6

(a) " یہ سن کر رجنی پر بجلی گر پڑی۔ اتنی بڑی مایوسی کا سامنا اس نے زندگی میں پہلی بار کیا تھا "۔

(b) " ارے تم لوگوں کو شرم نہیں آتی۔ ایک بے قصور عورت کو اس طرح مار رہے ہو"۔

(c) " گناہ کا پورا اعتراف اور آئندہ اس سے باز رہنے کا عہد ، ایسے شخص کے سامنے جو انہیں قبول کرنے کا اہل ہے ، توبہ کی خالص ترین صورت ہے "۔

4. (a) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×5=5

(i) فضا میں کس گیس کی زیادتی ، تیزابی بارش کی سب سے اہم وجہ ہے ؟

(الف) کاربن ڈائی آکسائیڈ

( ب ) نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ

( ج ) سلفر ڈائی آکسائیڈ

*(ii)* چکبست لکھنوی کا مجموعۂ کلام کس نام سے شائع ہوا ہے ؟

(الف) بیاضِ فطرت

( ب ) آوازۂ قوم

( ج ) صبحِ وطن

*(iii)* بمطابق سر تیج بہادر سپرو ، کس زبان کے وسیلے سے ہندو اور مسلمان کے درمیان باہم اتحاد و اتفاق پیدا کیا جا سکتا ہے ؟

(الف) اردو

( ب ) ہندی

( ج ) سنسکرت

*(iv)* '' جب یہ 'احسا' ہمہ گیر ہو جاتا ہے تو جس چیز کو چھوتا ہے اس کی کایا پلٹ دیتا ہے''۔
یہ جملہ کس نے کہا ہے ؟

(الف) سید عابد حسین

( ب ) جواہر لال نہرو

( ج ) ایم۔ کے۔ گاندھی

(v) ڈراما ' آزمائش ' میں جہادی عورت ، سلمٰی کس کی منگیتر ہے ؟

(الف) یوسف میاں

( ب ) بخت خاں

( ج ) کریم خاں

(b) مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھ کر انہیں جملوں میں استعمال کیجئے : 1×5=5

(i) متانت

(ii) برف پوش

(iii) اکتساب

(iv) جلیس

(v) ترمیم

5. (a) مندرجہ ذیل مصنفین / شعراء میں سے کسی ایک کا سوانحی خاکہ ان کی ادبی خدمات کے ساتھ مختصر طور پر بیان کیجئے : 5

(i) آل احمد سرور

(ii) سید عابد حسین

(iii) کیفی اعظمی

(iv) اصغر گونڈوی

(b) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجئے : 1×5=5

(i) سعادت حسن منٹو کا پہلا افسانہ کون سا تھا ؟

(ii) حیات اللہ انصاری نے 1937 میں کون سا ہفتہ وار اخبار جاری کیا ؟

(iii) سید عابد حسین نے 1926 میں سب سے پہلے کون سا ڈراما لکھا ؟

(iv) فراق گورکھپوری کی رباعیوں کا مشہور مجموعہ کس نام سے شائع ہوا ؟

(v) 1916 میں تلوک چند محروم کا سب سے پہلا شعری مجموعہ کس نام سے شائع ہوا ؟

## SECTION—II

6\. (a) اکبر الہ آبادی کی تخلیق شدہ نظم ' جلوۂ دربارِ دہلی ' یا اختر شیرانی کی تخلیق شدہ نظم ' او دیس سے آنے والے بتا ' کا خلاصہ اپنی سلیس زبان میں لکھئے۔ 5

(b) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی <u>تین</u> کے جواب لکھئے : 3×3=9

(i) " کیا ہے اگر انسان خدا ہو جائے "—اس مصرعے میں انسان کا خدا ہو جانے سے کیا مطلب ہے ؟

(ii) تلوک چند محروم نے اپنی رباعی میں مذہب کے کس پیغام کا ذکر کیا ہے ؟

(iii) " جلوؤں کے ازدحام نے حیراں بنا دیا "—اس مصرعے سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(iv) شادعظیم آبادی کی غزل کے ایک شعر میں ' حیرت وحسرت ' کے مارے شاعر سے ' دریائے محبت ' کیا کہتا ہے ؟

(v) " پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے "— اس مصرعے میں شاعر کس سے اور کیوں دل لگانے پر مجبور ہے ؟

7. (a) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی مع حوالہ تشریح کیجئے : 3×2=6

(i) یہ آدمی ہے کہ سر مارتا پھرے ہے بہ سنگ
کہ موجِ تند سرِ کوہ سار گزرے ہے

(ii) لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

(iii) ہر جا تری قدرت کے ہیں لاکھوں جلوے
حیراں ہوں کہ دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھوں

(b) مندرجہ ذیل مرکب الفاظ کے مفہوم (معنی) کو واضح کیجئے : 1×5=5

(i) ہفتِ طباقی

(ii) اخترِ سحر

(iii) پایاب

(iv) لب کشا

(v) قصرِ شاہی

## SECTION—III

8 (a) اردو قواعد میں فعل سے کیا مراد ہے ؟ بناوٹ کے اعتبار سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں ؟ ہر ایک کی تعریف مع مثال لکھیے۔ ½+½+4=5

(b) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے : 1×4=4

(i) '' ابو جان گھر پر ہیں''۔ اس جملے میں ' پر ' کیا ہے ؟

(الف) حرف جار

( ب ) حرف عطف

( ج ) حرف ندا

(ii) '' بلی نے دودھ گرا دیا ''۔ اس جملے میں ' گرا دیا ' کیا ہے ؟

(الف) فعل

( ب ) فاعل

( ج ) مفعول

(iii) '' آپ کہاں کے رہنے والے ہیں''؟ اس جملے میں ' آپ ' کون سا ضمیر ہے ؟

(الف) ضمیر متکلم

( ب ) ضمیر حاضر

( ج ) ضمیر غائب

(iv) ''کشمیری شال بہت گرم ہوتا ہے''۔ اس جملے میں 'کشمیری' کس قسم کی صفت ہے ؟

(الف) صفت نسبتی

(ب) صفت عددی

(ج) صفت مقداری

(c) لاحقہ 'بخش' لگا کر کوئی چار مرکب الفاظ لکھیے۔ 4

(d) سابقہ 'پیش' لگا کر کوئی چار مرکب الفاظ لکھیے۔ 4

(e) مندرجہ ذیل مترادفات کو مکمل کیجئے : 1×4=4

(i) جاہ و .................

(ii) خط و .................

(iii) غور و .................

(iv) آب و .................

(f) مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھیے : 1×4=4

(i) سلطان

(ii) استاد

(iii) اخبار

(iv) آفت

(g) مندرجہ ذیل تذکیر کی تانیث لکھئے : 1×4=4

(i) مصنف

(ii) معلم

(iii) خادم

(iv) شاعر

**9.** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے : 6

(a) ضرورت ایجاد کی ماں

(b) طلباء کی زندگی میں کھیلوں کی اہمیت

(c) کمپیوٹر—ایک سائنسی کرشمہ

★★★